بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ + عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۳۳ / جمعرات ۱۱ جمادی الثانی ۱۴۰۴ھ ۱۵ امان ۱۳۶۳ ہش ۱۵ مارچ ۱۹۸۴ء نمبر ۶۳

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اخبار احمدیہ

- ربوہ ۱۴ امان / مارچ حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے بارہ میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

متلی کی شکایت ہے بلڈ پریشر کبھی زیادہ اور کبھی کم ہو جاتا ہے۔

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

ارشادات عالیہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

اپنی بیویوں سے نرمی کا سلوک کرو وہ تمہاری کنیزیں نہیں ہیں

حدیث ہے کہ تم میں سے اچھا وہی ہے جو اپنی بیوی سے اچھا ہے۔

"یہ طریق اچھا نہیں اس سے روک دیا جائے مسلمانوں کے لیڈر عبدالکریم کو" ..... اس الہام میں تمام جماعت کے لئے تعلیم ہے کہ اپنی بیویوں سے رفق اور نرمی کے ساتھ پیش آویں وہ ان کی کنیزیں نہیں ہیں۔ درحقیقت نکاح مرد اور عورت کا باہم ایک معاہدہ ہے پس کوشش کرو کہ اپنے معاہدہ میں دغاباز نہ ٹھہرو۔ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔ وَعَاشِرُوْھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ یعنی اپنی بیویوں کے ساتھ نیک سلوک کے ساتھ زندگی بسر کرو اور حدیث میں ہے۔ خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَھْلِہٖ۔ یعنی تم میں سے اچھا وہی ہے جو اپنی بیوی سے اچھا ہے۔ سو روحانی اور جسمانی طور پر اپنی بیویوں سے نیکی کرو ان کے لئے دعا کرتے رہو اور طلاق سے پرہیز کرو۔ کیونکہ نہایت بدخدا کے نزدیک وہ شخص ہے جو طلاق دینے میں جلدی کرتا ہے جس کو خدا نے جوڑا ہے اس کو ایک گندے برتن کی طرح جلد مت توڑو۔"

(ضمیمہ تحفہ گولڑویہ صفحہ ۳۷ حاشیہ)

یوم مسیح موعود علیہ السلام کے سلسلہ میں تربیتی جلسے:

تمام جماعت ہائے احمدیہ پاکستان اپنے اپنے ہاں حسب سابق اور حسب حالات مورخہ ۲۳ مارچ ۱۹۸۴ء بروز جمعہ "یوم مسیح موعود" کے تربیتی جلسے منعقد کر کے اس کی رپورٹ نظارت ہذا کو فوراً ارسال فرما دیں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

(ناظر اصلاح وارشاد۔ ربوہ)

دوسرا آل پاکستان احمدیہ کبڈی ٹورنامنٹ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس صحت مرکزیہ کے زیر اہتمام ۵، ۶، ۷ اپریل کو آل پاکستان احمدیہ کبڈی ٹورنامنٹ منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ کبڈی کے تمام کھلاڑی اس ٹورنامنٹ میں شمولیت کے لئے ابھی سے تیاری شروع کر دیں اور قائدین اضلاع خدام الاحمدیہ اپنی اپنی ٹیم کے اسماء پندرہ مارچ تک بھجوا دیں امراء اضلاع کی خدمت میں بھی خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔ (صدر کبڈی مجلس صحت مرکزیہ)

جماعت احمدیہ کی پینسٹھویں ۶۵ مجلس مشاورت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ جماعت احمدیہ کی پینسٹھویں ۶۵ مجلس مشاورت انشاء اللہ تعالیٰ مورخہ ۳۰، ۳۱ مارچ / امان اور یکم اپریل / شہادت ۱۳۶۳ ہش ۱۹۸۴ء بروز جمعہ ہفتہ اور اتوار منعقد ہوگی۔

(سیکرٹری مجلس مشاورت)

ادائیگی میں جلدی کی جائے!

"بیوت الحمد" جشن صد سالہ جوبلی منصوبہ کا ایک حصہ ہے اور اس میں صرف پانچ سال رہ گئے ہیں۔ اس لئے بیوت الحمد کے وعدوں اور اس کی ادائیگی میں جلدی کی جائے تاکہ بروقت اس کے اغراض و مقاصد کی تکمیل ہو سکے۔ امید ہے احباب کرام فاستبقوا الخیرات کے جذبہ سے سرشار ہو کر اس منصوبہ کو دعاؤں اور مالی معاونت سے کامیاب فرماتیں۔

(سیکرٹری بیوت الحمد سوسائٹی ربوہ)

پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبدالحی۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس۔ ربوہ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۵ پیسے

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۱ جمادی الثانی ۱۴۰۴ھ

۱۵ امان ۱۳۶۳ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سچے اور حقیقی مومنوں کا عظیم الشان اعزاز

اللہ تعالیٰ کے اپنے بندوں سے محبت اور ان پر شفقت کے رنگ نیارے ہیں وہ انہیں خود ہی سرمایہ مہیا کرتا ہے اور پھر ان سے کہتا ہے کہ اس سرمایہ سے تجارت کرو اور پھر اس امر کی ضمانت دیتا ہے کہ تمہاری یہ تجارت خوب پھلے پھولے گی اور بے انداز منافع پر منتج ہوگی۔ اس امر کا خدشہ ہی نہیں ہوگا کہ تمہیں اس تجارت میں کبھی نقصان اٹھانا پڑے۔ نہ صرف یہ کہ لازمی طور پر تم نفع کماؤ گے بلکہ وہ نفع اتنا زیادہ ہوگا کہ اس نفع کے بالمقابل تمہارا اپنا سرمایہ سراسر بے حقیقت و بے حیثیت نظر آئے گا۔

وہ کہتا ہے نقصان کا اندیشہ اس وقت ہوا کرتا ہے جب تم باہم ایک دوسرے کے ساتھ تجارت اور خرید و فروخت کرتے ہو۔ تمہارے مال و اسباب کا خریدار میں ہوں۔ میں تمہاری منہ مانگی نہیں بلکہ اتنی زیادہ قیمت ادا کروں گا کہ جو تمہارے خیالی اندازوں اور تصور کی حدوں سے کہیں زیادہ ماورا ہوگی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ مومنوں پر اپنی اس بے پایاں شفقت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے:

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ

(التوبہ آیت ۱۱۱)

ترجمہ: اللہ نے مومنوں سے (خود انہیں عطا کردہ) ان کی جانوں اور ان کے مالوں کو (اس وعدہ کے ساتھ) خرید لیا ہے کہ انہیں (اس کے عوض) جنت عطا کی جائے گی۔

دائمی جنت کی دائمی خوشحالی کوئی معمولی انعام نہیں ہے۔ اس کے آگے مومنوں کی جانیں اور ان کے اموال سراسر بے حیثیت اور بے حقیقت ہیں۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ایسے مومنوں کو بتایا کہ اس درجہ بے انداز نفع والے سودے پر وہ جتنی بھی خوشی ہوں اور جتنی بھی خوشی منائیں کم ہے۔ چنانچہ اسی آیت میں فرمایا:

فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

(التوبہ آیت ۱۱۱)

ترجمہ: پس (اے مومنو!) اپنے اس سودے پر خوش ہو جاؤ جو تم نے (اپنے خالق و مالک سے) کیا ہے اور یہ کامیابی (جس کا مومنوں کو وعدہ دیا گیا ہے) بہت بڑی کامیابی ہے۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ بھی واضح فرمایا کہ وہ دین کی سربلندی کے لئے جانوں اور مالوں کا سودا عام مومنوں سے نہیں کرتا وہ ایمان کا دعوے کرنے والے ہر مومن سے اس کی جان اور مال اتنے عظیم انعام کے عوض خریدنے کا پابند نہیں ہے۔ وہ ان مومنوں سے ہی یہ سودا کرتا ہے جو سچے اور حقیقی مومن ہوں یعنی پورے پورے وفاشعار و اطاعت گزار ہوں۔ اسی لئے اگلی ہی آیت میں ایسے سچے اور حقیقی مومنوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (التوبہ ۱۱۲)

ترجمہ: (خدا جن سے ان کی جانوں اور مالوں کا سودا کرتا ہے یہ وہ مومن ہیں) جو فطری جوش کے ساتھ اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں، اس کی حمد کرتے ہیں، اس کی راہ میں سفر کرتے ہیں، اس کی عبادت کرتے ہیں، رکوع و سجود میں مشغول رہتے ہیں، نیک کاموں کی تلقین کرتے ہیں، بری باتوں سے روکتے ہیں۔ اور اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ (اے رسول!) تو ان مومنوں کو ان انعامات کی بشارت دے جو گمان و بیان سے بالا ہیں۔

ان آیات سے ظاہر ہے کہ پورے پورے وفاشعار و اطاعت گزار مومنوں کا یہ بہت بڑا اعزاز ہے کہ خدا تعالیٰ دین کی سربلندی اور غلبہ کے لئے ان سے ان کی جانیں اور اموال جنت کے وعدے کے عوض خرید لیتا ہے اور اپنے وعدہ کو اگلے جہان میں تو پورا کرے گا ہی اس جہان میں بھی پورا کر دکھاتا ہے۔

اس آخری زمانہ میں فخر موجودات سرور کائنات افضل الرسل حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غلام کامل سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کے طفیل اب یہ اعزاز ہمارے حصہ میں آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دین حق کی اشاعت اور غلبہ کی غرض سے جانیں اور اموال جنت کے وعدہ کے عوض خریدنے کے لئے ہمیں منتخب فرمایا ہے۔ چنانچہ سیدنا حضرت اقدسؑ ہمیں ہمارا یہ اعزاز یاد دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

کُوْنُوْا انصار اللہ وبادروا۔ انّ اللہ ملك كُنْرِكم وقُلَّكم واعراضكم وانفسكم بعد البيعة واتاكم به رضوانه۔ فاثبتوا على هذه المبايعة لتعمروا بالخلات وتدخلوا فى الخلات۔ ارهفوا هممكم لتكميل الدين واجعلوا لانفسكم ميسم الشبّان ولو كنتم مشائخ فانين۔

(مواہب الرحمٰن صفحہ اطبع اوّل)

(باقی دیکھیں صفحہ پر)

عیسائیت کے خلاف تبلیغی جہاد کا آغاز کریں

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا ضروری ارشاد

"آپ کا سر صلیب کے پیروکار ہیں اس لحاظ سے صلیب کو توڑنے اور نوع انسان کو جہنم میں لے جانے والے اس باطل عقیدہ سے بچانا آپ کی ذمہ داری ہے اور نسل انسانی کو خدائے واحد کی عبادت اور پرستش کے سیدھے راستہ پر چلانا آپ کا فرض ہے اپنے اس فرض کی ادائیگی کے لئے اور اپنی اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لئے کوشش کریں اور اپنے جسم اور اپنے ذہن کی تمام قوتوں کے ساتھ عیسائیت کے خلاف اس تبلیغی جہاد کا آغاز کریں۔"

(ماہنامہ تحریک جدید فروری ۱۹۸۴ء)

انگریزی رسالہ ریویو آف ریلیجنز اس سلسلہ میں آپ کا ممد و معاون ثابت ہوگا خود پڑھئے غیر مذاہب والوں کو پڑھنے کے لئے دیں۔ سالانہ چندہ ۵ روپے براہ راست بھیجئے۔

مینیجر رسالہ ریویو آف ریلیجنز ربوہ ضلع جھنگ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تقریر جلسہ سالانہ ۱۹۸۳ء

جوبلی منصوبہ:

۱۹۸۹ء کا سال جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کا سال ہے۔ چنانچہ ان سو سالوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بارش کے قطروں کی طرح نازل ہونے والے فضلوں کے شکر اور غلبۂ اسلام کی صدی کے شایانِ شان استقبال کے لئے خدا تعالیٰ کے حضور کچھ ہدیے پیش کرنے کی غرض سے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے ۱۹۷۳ء کے جلسہ سالانہ کے موقع پر جماعت کے سامنے ایک عظیم الشان ترقیاتی اور تبلیغی پروگرام رکھا جسے صد سالہ جوبلی منصوبہ کا نام دیا گیا۔

اس منصوبہ کے روحانی اور ترقیاتی حصہ کے علاوہ حضورؒ نے اس منصوبہ کے عملی حصہ کو پورا کرنے کے لئے جماعت کو ایک فنڈ قائم کرنے کے لئے کہا اور اڑھائی کروڑ روپیہ اس فنڈ میں جمع کرنے کی تحریک فرمائی اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ:-

"مجھے خداوند کریم پر مکمل بھروسہ ہے کہ وہ جماعت کو توفیق عطا فرمائے گا کہ پانچ کروڑ پیش کر دے۔"

جماعت کے مخلصین نے حضورؒ کی تحریک پر والہانہ لبیک کہی اور اس وقت خدا تعالیٰ کے فضل سے اس منصوبہ کا بجٹ دس کروڑ سے زائد ہے۔

اس منصوبہ کے اغراض و مقاصد کا خلاصہ یہ ہے:-

(۱) اشاعت اسلام کے کام کو تیز تر کر کے دنیا کے مختلف ممالک میں مساجد و مشن ہاؤسز کی تعمیر اور مراکز احمدیت کا قیام عمل میں لایا جائے۔

(۲) قرآن کریم کے تراجم کو مختلف زبانوں میں شائع کیا جائے۔

(۳) دنیا کی ایک سو زبانوں میں اسلامی لٹریچر تیار کر کے اس کی اشاعت کی جائے۔

(۴) نوعِ انسانی کو امتِ واحدہ بنا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع کیا جائے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ذاتی نگرانی اور ہدایت کے مطابق

(پانچویں (آخری) قسط)

بیرونی ممالک میں تبلیغ اسلام

محترم مسعود احمد صاحب جہلمی
وکیل التبشیر تحریک جدید ربوہ

اس منصوبہ کے اغراض و مقاصد کے حصول کے لئے مرکز میں بھی اور بیرونی جماعتوں میں بھی کام بڑی سرعت کے ساتھ جاری ہے۔

اس منصوبہ کے تحت جو کام خدا تعالیٰ کے فضل سے اس وقت تک سرانجام پا چکے ہیں ان کو بڑے اختصار کے ساتھ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں:-

(۱) سویڈن میں مسجد اور مشن ہاؤس کی تعمیر کی گئی۔ یہ مسجد ملک میں تعمیر کی جانے والی پہلی مسجد ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے ۱۰ اگست ۱۹۷۶ء کو اس کا افتتاح فرمایا۔

(۲) اس منصوبہ کے تحت مرکز تثلیث لندن میں ۱۹۷۸ء میں ایک عظیم الشان کسرِ صلیب کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں دنیا کے نامور مسلم اور غیر مسلم محققین نے تحقیقی مقالے پیش کئے۔ جن میں یہ ثابت کیا گیا کہ:-

"حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر فوت نہیں ہوئے۔"

اس کانفرنس کے انعقاد پر عیسائی دنیا میں تہلکہ مچ گیا۔ اس کانفرنس کی دنیا بھر کے اخبارات و رسائل میں جو تشہیر ہوئی، اس کے ذریعہ ایک محتاط اندازہ کے مطابق ۱۴ کروڑ انسانوں تک اسلام کا پیغام پہنچا۔

(۳) اللہ تعالیٰ نے بھارت کی جماعت کو احمدیہ جوبلی منصوبہ کی رقم سے سرینگر کشمیر میں ایک نہایت باموقع جگہ پر مسجد اور مشن ہاؤس تعمیر کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔

کچھ عرصہ سے یورپ، امریکہ اور دوسرے ممالک کے محققین اور زائرین بڑی کثرت سے سرینگر کشمیر میں واقع حضرت عیسیٰؑ کی قبر کو دیکھنے آتے ہیں۔ چنانچہ اب یہ جماعت کے مشن ہاؤس میں بھی آتے ہیں جہاں پر انہیں قبر مسیحؑ اور اسلام پر لٹریچر مہیا کیا جاتا ہے۔

(۴) اس منصوبہ کے تحت قرآن کریم کے فرنچ، اٹالین اور سپینش زبانوں میں تراجم پر کام ہو رہا ہے۔ فرنچ ترجمہ خدا تعالیٰ کے فضل سے زیر اشاعت ہے۔ اسی طرح مختلف زبانوں میں نہایت اعلیٰ معیار کا دیدہ زیب اسلامی لٹریچر شائع ہو رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کے اقتباسات کے انگریزی ترجمہ پر مشتمل کتاب "THE ESSENCE OF ISLAM" کے دو حصے، اسی طرح دیباچہ تفسیر القرآن فرانسیسی زبان میں اور کئی دوسری کتب انگلستان اور دوسرے ممالک سے شائع کی گئی ہیں۔

(۵) ناروے کے صدر مقام اوسلو میں جماعت کو ایک شاندار عمارت مسجد اور مشن ہاؤس کے لئے حاصل کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔

(۶) اس منصوبہ کے تحت سپین میں مسجد بشارت کی تعمیر کے ذریعہ ساڑھے سات سو سال کے بعد پھر سے وہاں پر اللہ تعالیٰ نے جماعت کو "اللہ اکبر" کی آواز بلند کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ اس مسجد کا سنگِ بنیاد ۹ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے رکھا اور اس کی تعمیر مکمل ہونے پر ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پرسوز دعاؤں کے ساتھ اس کا افتتاح کیا۔ اس مسجد کے افتتاح کے بعد سے خدا تعالیٰ کے فضل سے اہل سپین بڑی کثرت سے اسلام کی طرف رغبت کا اظہار کر رہے ہیں۔ سپین میں مسجد کے قیام کی سعادت پر عرب بھائیوں نے بھی خوشی کا اظہار کیا ہے اور سعودی عرب اور بعض دوسرے عرب ممالک کے ٹیلی ویژن پر اس مسجد کے افتتاح کی فلم بغیر جماعت احمدیہ کا نام لئے دکھائی گئی ہے۔

اس مسجد کے افتتاح سے لے کر آج تک پانچ ہزار سے زائد زائرین مسجد میں آ کر اسلام کے بارہ میں معلومات حاصل کر چکے ہیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک!

سپین میں اسلام کی طرف بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر وہاں پر تبلیغ اسلام کی ایک خصوصی مہم چلائی گئی ہے۔ مسجد بشارت کے علاوہ دو مزید مشن کھولے گئے ہیں۔ اور یورپ اور دوسرے ممالک سے واقفین عارضی وہاں پر جا کر لٹریچر اور کیسٹوں کی مدد سے اہل سپین کو اسلام کا پیغام پہنچا رہے ہیں۔

(۷) اس منصوبہ کے تحت انگلستان میں جماعت نے اپنی عمارات خرید کر نو نئے مراکز قائم کئے ہیں۔

(۸) امریکہ میں ۲۵ لاکھ ڈالر کے خرچ سے ۵ مراکز کی تعمیر کا منصوبہ زیر عمل ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے مخلصین جماعت اس منصوبہ کو کامیاب بنانے کے لئے بے مثال قربانی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جماعت امریکہ کے ایک مخلص احمدی کو یہ توفیق عطا فرمائی ہے۔ کہ اس نے ایک مرکز کی تعمیر کے لئے درکار کل اخراجات یعنی ۵ لاکھ ڈالر کی پیش کش کی ہے۔

(۹) کینیڈا میں مراکز کی تعمیر کے لئے ۶ لاکھ ڈالر کے اخراجات کا تخمینہ ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت پانچ لاکھ کے وعدے پیش کر چکی ہے اور مزید وعدہ جات کا سلسلہ جاری ہے۔

(۱۰) جاپان میں ناگویا کے مقام پر ایک شاندار مکان خرید کر جماعت کا سنٹر بنایا گیا ہے۔

(۱۱) اٹلی، فرانس اور جنوبی امریکہ میں مساجد کی تعمیر کے لئے خدام الاحمدیہ کی مساعی سے یورپ، امریکہ اور کینیڈا کے احباب کی طرف سے پیش کردہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

عطایا کی رقم تین لاکھ پونڈ جمع ہوئی ان مقامات پر قطعات کے حصول کی کوشش کی جارہی ہے۔

آسٹریلیا میں مسجد:

جوبلی منصوبہ کا ایک تازہ اور شیریں ثمر اللہ تعالیٰ نے یہ عطا فرمایا ہے کہ ابھی احمدیت کے قیام پر ایک صدی مکمل نہیں ہوئی کہ سات براعظموں میں سے آخری براعظم آسٹریلیا میں اس سال احمدیہ مسجد اور مشن ہاؤس کی بنیاد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک ہاتھوں سے رکھ دی گئی ہے۔ اس کے ساتھ خدا تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے تمام براعظموں پر جماعت احمدیہ کے ذریعہ مساجد کا قیام عمل میں آگیا ہے اور انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب حضرت مصلح موعودؓ کی خواب کی تعبیر حقیقت کا جامہ پہنے گی کہ:-

"ہم نے چپہ چپہ پر مساجد تعمیر کرنی ہیں۔ جہاں سے خدا تعالیٰ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا پانچ وقت اعلان کیا جائیگا اور وہ وقت جلد آئے گا جب دنیا پر ایک ہی دین ہوگا اور ایک ہی کلمہ اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا ہی بلند ہوگا۔ باقی سب جھنڈے سرنگوں ہو جائیں گے۔"

اس منصوبہ کے تحت سرانجام دیئے جانے والے کاموں کی تفصیل کا احاطہ کرنا مشکل ہے لیکن اس اجمالی خاکہ سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ شاہراہ غلبۂ اسلام پر خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت کا قدم تیزی کے ساتھ آگے ہی آگے بڑھتا چلا جارہا ہے۔ پاکستان کے اندر اور بیرونی ممالک میں بھی جماعت احمدیہ کے افراد کے اندر بیداری کی ایک زبردست رو مشاہدہ میں آرہی ہے وَذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ یوں لگتا ہے کہ دنیا بھر کے احمدی دربارِ خلافت سے اٹھنے والی ہر آواز پر لبیک وسعدیک کہنے کے لئے بیتاب ہیں۔

جس طرح آسمان پر گھنگھور گھٹاؤں کے چھا جانے سے ہر کوئی یہ سمجھ جاتا ہے کہ اب یہ بادل برسا ہی چاہتے ہیں۔ جماعت احمدیہ کے افراد کو خلیفۂ وقت کی ہر آواز پر لبیک کہنے کی توفیق کا ملنا اور قربانیوں کے میدان میں آگے ہی آگے قدم بڑھاتے چلے جانا، اللہ تعالیٰ کی اس تقدیر کو ظاہر کر رہا ہے کہ جماعت احمدیہ پر اللہ تعالیٰ کے خاص فضلوں کے نزول کا وقت قریب ہے۔

غلبۂ اسلام:

میں اپنی تقریر کو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ان بابرکت اور پُرشوکت الفاظ پر ختم کرتا ہوں۔ جن میں حضورؑ نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر غلبۂ اسلام کی خبر دی ہے۔ حضورؑ فرماتے ہیں:-

"اے تمام لوگو! سن رکھو کہ یہ اس کی پیشگوئی ہے جس نے زمین و آسمان کو بنایا۔ وہ اپنی اس جماعت کو تمام ملکوں میں پھیلا دیگا اور حجت اور برہان کی رو سے سب پر ان کو غلبہ بخشے گا۔ اور وہ دن آتے ہیں بلکہ قریب ہیں کہ دنیا میں صرف یہی ایک مذہب ہوگا جو عزت کے ساتھ یاد کیا جائے گا۔ خدا اس مذہب اور سلسلہ میں غایت درجہ اور فوق العادت برکت ڈالے گا۔ اور ہر ایک کو جو اس کے معدوم کرنے کی فکر رکھتا ہے نامراد رکھے گا اور یہ غلبہ ہمیشہ رہے گا۔ یہاں تک کہ قیامت آجائے گی۔۔۔۔۔۔ میں تو ایک تخم ریزی کرنے آیا ہوں سو میرے ہاتھ سے وہ تخم بویا گیا۔ اور اب وہ بڑھیگا اور پھولے گا اور کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔"

(انشاء اللہ)

○

نصاب مرکزی امتحان اطفال الاحمدیہ

۱۹۸۴ء میں ہونے والے اطفال کے مرکزی امتحان کا نصاب یہ ہوگا:-

(۱) امتحان ستارۂ اطفال:
کتابچہ ستارۂ اطفال + یاد رکھنے کی باتیں + دینی معلومات (ص۵ تا ص۲۲)

(۲) امتحان ہلالِ اطفال:
کتابچہ ہلالِ اطفال + یاد رکھنے کی باتیں + دینی معلومات ص۵ تا ص۳۶

(۳) امتحان قمرِ اطفال:
کتابچہ قمرِ اطفال + یاد رکھنے کی باتیں + دینی معلومات ص۵ تا ص۴۴

(۴) امتحان بدرِ اطفال:
کتابچہ بدرِ اطفال + یاد رکھنے کی باتیں + دینی معلومات ص۵ تا ص۵۰

(سیکرٹری تعلیم اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے

عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِاَکْبَرِ الْکَبَائِرِ..... فَقَالَ اَلَا وَقَوْلُ الزُّوْرِ۔ (بخاری)

یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں گناہوں میں سے سب سے بڑا گناہ نہ بتاؤں ..... پھر آپ نے فرمایا کہ کان کھول کر سن لو کہ جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔

جھوٹ بولنا بھی خدا کے ساتھ شریک ٹھہرانے کے مترادف ہے کیونکہ جب انسان جھوٹ بولتا ہے تو وہ خدا پر بھروسہ نہیں کرتا بلکہ وہ جھوٹ پر بھروسہ کرتا ہے اور اُسے خدا کی مانند خیال کرتا ہے جس سے شرک کی ابتداء ہوتی ہے۔ پس ہمیں چاہیئے کہ ہمیشہ سچ بولیں اور جھوٹ سے اجتناب کریں کیونکہ یہ تمام گناہوں کی جڑ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔ آمین

(سیکرٹری تربیت مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

تارک نماز کو ایمان کی موت نصیب نہ ہوگی

حضرت المصلح الموعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:-

- جس وقت کوئی شخص کسی نماز کو چھوڑتا ہے اسی وقت وہ احمدیت سے خارج ہو جاتا ہے۔ (الفضل ۷ جون ۱۹۴۲ء)
- جو شخص نماز چھوڑتا ہے میں اس کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کو کبھی ایمان کی موت نصیب نہ ہوگی۔ موت سے پہلے ضرور کوئی ایسا حادثہ اسے پیش آجائے گا جس کی وجہ سے وہ ایمان سے محروم ہو جائے گا اور اس طرح وہ بے ایمان ہو کر مرے گا۔ (الفضل ۲۸ دسمبر ۱۹۲۳ء)

(شعبہ تربیت مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

مجالس انصار اللہ کی فوری توجہ کے لئے

۱۔ نائب ناظمین تحریک جدید/منتظمین تحریک جدید/نائب زعماء تحریک جدید کا تقرر کر کے منظوری حاصل کریں۔
۲۔ مقامی سیکرٹری تحریک جدید سے دفتر دوم کے ریکارڈ کی ایک نقل حاصل کریں۔
۳۔ دفتر دوم کے وعدہ جات کو معیاری بنانے کی مہم شروع کریں۔
۴۔ دفتر دوم کے وفات یافتہ مجاہدین کے کھاتہ جات ان کے ورثاء کے ذریعہ دوبارہ زندہ کروائیں۔
۵۔ جائزہ لیں کہ کیا تمام انصار اپنی حیثیت کے مطابق تحریک جدید میں شامل ہیں۔
۶۔ یاد رکھیں، ۲۳ مارچ محاسبہ کا دن ہے کہ کیا وعدہ جات تحریک جدید کے حصول کا کام مکمل ہو گیا ہے۔ (وکیل تحریک جدید انصار اللہ مرکزیہ)

ضروری ہدایت برائے تفصیلات چندہ وقف جدید

جملہ امراء صدر صاحبان و سیکرٹریان مال کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ چندہ وقف جدید بھجواتے وقت اس امر کا خیال رکھا کریں کہ "دفتر اطفال" کی وصولی کو بالغان میں مدغم نہ کیا جائے بلکہ رقوم اور تفصیل ہر دو کو علیحدہ علیحدہ بھجوایا کریں۔ (ناظم مال وقف جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

عالمگیر غلبۂ اسلام کے لیے عظیم روحانی پروگرام

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے صد سالہ احمدیہ جوبلی اور غلبۂ اسلام کے لئے ایک روحانی پروگرام تجویز فرمایا تھا جس کا خلاصہ یہ ہے:۔

۱۔ ہر ماہ ایک نفلی روزہ رکھا جائے۔

۲۔ ہر روز دو رکعت نفل، نماز ظہر یا عشاء کے بعد ادا کئے جائیں

۳۔ کم از کم سات بار روزانہ سورۃ فاتحہ غور و تدبر کے ساتھ پڑھی جائے۔

۴۔ ہر روز ۳۳، ۳۳ بار درج ذیل دعاؤں کا ورد کیا جائے:۔

(i) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ

(ii) سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحٰنَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

۵۔ کم از کم گیارہ بار روزانہ یہ دعائیں پڑھی جائیں:۔

(i) رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(ii) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

ان کے علاوہ حضور نے اپنی زبان میں بھی کثرت دعائیں کرنے کی تاکید فرمائی تا کہ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر قربانیوں کو قبول فرمائے۔ اس منصوبے کو ہر لحاظ سے کامیاب کرے اور ہم شاہراہ غلبۂ اسلام پر آگے ہی آگے بڑھتے چلے جائیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد)

زبانیں سیکھنے سے متعلق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی انصار اللہ سے نئی توقعات

سالانہ اجتماع انصار اللہ ۱۹۸۳ء کے موقعہ پر مجلس مرکزیہ کی طرف سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انصار کو غیر ملکی زبانیں سیکھنے سے متعلق فرمایا۔

"آپ سے میں یہ کہتا ہوں کہ آپ زبانیں سیکھئے۔ جتنے انصار ہیں۔ آپ کی عمر ایسی نہیں ہے کہ آپ سیکھ نہ سکیں پس آپ کو خدا تعالیٰ نے جو بچپن کا ملکہ عطا فرمایا ہے وہ حاصل کرلیں اور سیکھنے میں بے تکلف ہو جائیں کوئی شرم محسوس نہ کریں۔ ٹوٹے پھوٹے جتنے فقرے سیکھے جاتے ہیں بے شک سیکھیں اور انہیں بولیں اور اپنے لئے زبانیں چنیں۔ کیونکہ اب اگر آپ کو باہر جانے کی توفیق نہ ملے تو باہر والوں نے تو یہاں آنا ہی آنا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے رُخ پڑ چکا ہے وہ دن بدن پھیلتا چلا جائے گا۔ انہیں سنبھالنے کے لئے مرکز میں ایسے آدمی ہونے چاہئیں جو ان کی زبانیں جاننے والے ہوں اور بول سکتے ہوں۔ (الفضل ۹ جنوری ۱۹۸۴ء)

تمام زعماء اور زعماء اعلیٰ و ناظمین اضلاع سے تاکیدی درخواست ہے کہ زبانیں سیکھنے سے متعلق سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا تازہ ارشاد تمام انصار تک پہنچائیں اور بار بار تاکید کریں تا زیادہ سے زیادہ انصار زبان سیکھنے کی اس عہد آفریں مہم میں عملاً حصہ لے کر حضور ایدہ اللہ کی توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں۔ زعماء کرام اس ضمن میں اپنی سعی سے مرکز کو آگاہ کریں کہ کتنے انصار نے کون کون سی نئی زبان سیکھنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔

مجالس انصار اللہ اندرون پاکستان حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کو بھی ملحوظ رکھیں کہ:۔

"کوشش کریں کہ کوئی نہ کوئی زبان آ جائے۔ اگر باہر کی نہیں سیکھ سکتے تو اپنے ملک کی دوسری زبانیں سیکھئے"

اللہ تعالیٰ تمام انصار کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی توقعات پر پورا اترنے کی توفیق عطا فرمادے۔ آمین۔

(قائد تعلیم مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

درخواست ہائے دعا

۔۔ خاکسار بعض پریشانیوں میں مبتلا ہے (مظفر احمد فیکٹری ایریا ربوہ)

۔۔ محترم شبیر احمد حبیب صاحب ماہ نومبر سے لندن میں بیمار ہیں۔

۔۔ محترم چوہدری محمد عبداللہ صاحب بندش پیشاب کی تکلیف میں مبتلا ہیں اور میو ہسپتال میں داخل ہیں۔ (محمد عبدالغنی صدر چنگ)

۔۔ خاکسار کے والد صاحب بیمار رہتے ہیں (عبدالباسط ساجد چک ۹۷ ج ب)

۔۔ خاکسار کے ماموں چوہدری ظفر احمد صاحب ہالینڈ میں دل کی تکلیف میں مبتلا ہیں عنقریب دل کا اپریشن ہونے والا ہے۔ نیز خاکسار کے والد صاحب بھی بیمار ہیں ان کا بھی دل کا اپریشن ہونے والا ہے (زاہدہ راحت کینیڈا)

۔۔ خاکسار کی ہمشیرہ عزیزہ عائشہ توقیر ایم بی بی ایس کا فائنل امتحان دے رہی ہے۔ (شیخ بشیر احمد راولپنڈی)

۔۔ خاکسار کی بھانجی نزہت نوید کا انگلینڈ میں اپریشن ہونے والا ہے۔ (میر مسعود احمد ڈھل گھیر کھاریاں)

۔۔ خاکسار کا بھائی عزیزم منور احمد باجوہ بیمار ہے (رفیق احمد باجوہ احمد نگر)

۔۔ چوہدری محمد حسین صاحب (اوکاڑہ) کی آنکھوں کا اپریشن ہونے والا ہے۔ (ڈاکٹر محمد اقبال اوکاڑہ)

۔۔ خاکسار کے خسر مکرم ملک عبدالواحد صاحب (ربوہ) بعارضہ قالج بیمار ہیں۔ (شمس الدین۔ لاہور)

۔۔ خاکسار کی پھوپھی اہلیہ مکرم نصرت اللہ صاحب سنوری بعارضہ ذیابیطس بیمار ہیں (قریشی افتخار احمد شاد سیالکوٹ)

۔۔ برادرم سیٹھی داؤد احمد صاحب تشویشناک طور پر بیمار ہیں اور سی ایم ایچ راولپنڈی میں داخل ہیں۔ (بشارت احمد سیٹھی)

۔۔ خاکسار کے داماد عزیزم محمد عبید اللہ صاحب گوندل گھٹنوں میں درد کی وجہ سے بیمار ہیں۔ (شریف احمد ڈھڑھوی باندی ضلع نواب شاہ)

۔۔ خاکسار کو پریشانیاں لاحق ہیں (رشید احمد آغا مسعود آباد کراچی)

۔۔ خاکسار بوجہ بلڈ پریشر بیمار ہے۔ نیز میرا بیٹا ایم۔ بی۔ بی۔ ایس فائنل کا امتحان دے رہا ہے۔ (ڈاکٹر سلطان احمد مجاہد)

خاکسار کی دو بھتیجیاں میٹرک کا امتحان دے رہی ہیں۔ احباب کرام دعا کریں اللہ تعالیٰ انہیں اعلیٰ نمبروں میں کامیابی عطا فرمائے آمین (ناصر احمد کارکن دفتر الفضل)

۔۔ خاکسار ایک مقدمہ کی وجہ سے پریشان اور مشکلات میں ہے (محمد رشید احمد نارووال)

۔۔ خاکسار کی والدہ بیمار ہیں (بشیر احمد کوٹ مٹھن راجن پور)

احباب ان سب کے لئے دعا کریں۔

درخواست دعا

۔۔ محترمہ حامد سلطانہ صاحبہ بنت محترم ملک محمد حنیف صاحب مرحوم ریٹائرڈ ٹیچر نے مبلغ ۲۰۰ روپے اپنے والد صاحب مرحوم کی طرف سے مساجد فنڈ میں جمع کروائے ہیں اور اپنے والد صاحب مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست کی ہے۔

محترم ملک صاحب باقاعدگی سے چندہ ادا کرنیوالے مجاہد تحریک جدید تھے اور اکثر و بیشتر اپنے عزیز و اقارب کی طرف سے چندہ مساجد بھی ادا فرمایا کرتے تھے۔ مورخہ ۱۳ ۱/۴ بروز جمعہ ملک صاحب اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

احباب کرام سے ان کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ نیز دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد کو بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

ہمت و استقلال

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکی زندگی میں کس قدر مصائب اور مشکلات پیش آئے اگر کوئی اور ہوتا تو قریب تھا کہ خودکشی کر لیتا۔ مگر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمت و استقلال میں ذرا بھی فرق نہیں آیا یہ قوت اور ہمت معجزہ ہے۔ خدا پر بھروسہ یہ سب سے بڑھ کر یاقوتی ہے۔ اس سے سب خوف اور تکان دور ہو جاتے ہیں۔"

(الحکم ۱۰ فروری ۱۹۰۱ء۔ ص ۱۲)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔ (مینیجر الفضل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انعامی مقالہ نویسی برائے ممبرات لجنہ

سال رواں کا عنوان مقالہ نگاری :-

"اسلام صفائی اور پاکیزگی کا علمبردار ہے"

شرائط مقالہ :-

(۱) حجم مقالہ :- ۵۰۰۰ الفاظ - (پانچ ہزار الفاظ)

(۲) خوشخط اور کاغذ کے ایک طرف لکھا ہو۔

(۳) کتب زیر مطالعہ کی فہرست درج ہو۔

(۴) حوالہ جات مکمل درج ہوں۔ یعنی کتاب کا نام۔ مصنف کا نام اور صفحات کا نمبر وغیرہ۔

(۵) اغلاط سے پاک ہو۔ زبان عمدہ ہو۔ گیٹ اپ اچھی ہو۔

(۶) مقالہ کے آغاز میں عناوین درج ہوں جن کے تحت مقالہ ترتیب دیا گیا ہو۔

(۷) صدر کی تصدیق ہو کہ مقالہ خود لکھا گیا ہے۔

(۸) مقالہ مرکز میں وصول ہونے کی آخری تاریخ یکم ستمبر ہے۔

(۹) انعام اول، دوم، سوم بالترتیب ۳۰۰/- ۲۰۰/- اور یکصد روپیہ ہوگا۔

(سیکرٹری تعلیم لجنہ مرکزیہ)

- معاونین خصوصی -

تحریک جدید بیرون پاکستان

جرمنی سے مکرم ملک منصور احمد عمر صاحب مبلغ انچارج نے اطلاع دی ہے کہ حسب ذیل مخلصین نے تحریک جدید کے مالی جہاد میں نمایاں وعدہ کر کے معاونین خصوصی صف اول میں شامل ہونے کی سعادت پائی ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کے جان و مال اور اخلاص میں برکت ڈالے اور بیش از بیش قربانیوں کی توفیق دیتا چلا جائے۔

۱	مکرم عزیز احمد طاہر صاحب	۵۳۰ مارک	۹	مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب	۴۰۰ مارک
۲	" مبشر احمد "	۵۰۰ "	۱۰	" عبدالبصیر صاحب	۴۰۰ "
۳	" سید محمود احمد گردیزی "	۴۷۵ "	۱۱	" غلام محمد "	۴۰۰ "
۴	" عبدالسمیع "	۴۵۰ "	۱۲	" منصور احمد "	۴۰۰ "
۵	" محمد یوسف بھٹی "	۴۱۰ "	۱۳	" نصیر احمد "	۴۰۰ "
۶	" عبدالرؤف "	۴۰۵ "	۱۴	" افتخار احمد چوہدری صاحب	۴۰۰ "
۷	" محمد سعید احمد "	۴۰۱ "	۱۵	" محمود احمد "	۴۰۰ "
۸	محترمہ منصورہ الیاس صاحبہ	۵۱۰ "	۱۶	" ریاض احمد بھٹی "	۴۰۰ "

(وکیل المال ثانی تحریک جدید)

تربیتی کلاس طالبات میٹرک

امسال میٹرک کے امتحان سے فارغ ہونے والی طالبات کے لئے اپریل میں تربیتی کلاس لگائی جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ

معین تاریخوں کا اعلان بعد میں کر دیا جائے گا۔ تمام صدریں ابھی سے طالبات کو کلاس میں شامل ہونے کی ترغیب دیں اور والدین کو بچیوں کو بھجوانے کی تاکید کریں۔ یہ کلاس نوعمر بچیوں کو ابتدائی دینی تربیت دینے کے لئے بہت مفید ہے۔ لہٰذا والدین اس طرف توجہ دیں اور اپنی بچیوں کو مقررہ ملاقات کے لئے مرکز میں بھجوائیں۔

(سیکرٹری تعلیم لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

(بقیہ اداریہ صفحہ ۲)

ترجمہ:- اللہ کے انصار بنو اور جلدی کرو۔ بیعت کے بعد اللہ تمہارے کثیر اور قلیل مال کا اور تمہاری عزتوں اور تمہارے نفوس کا مالک بن گیا ہے۔ اور اس کے بدلے میں اس نے تمہیں اپنی رضا دی ہے۔ پس تم اس سودے پر ثابت قدم رہو تا کہ تم عطیات کے ساتھ ڈھانکے جاؤ اور دوستوں میں داخل کئے جاؤ۔ اپنی ہمتوں کو اشاعت دین کی تکمیل کے لئے تیز کرو اور جوانوں کی صورت اختیار کرو اگرچہ تم شیخ فانی ہو۔

اس شاندار اعزاز کی دل سے قدر کرتے ہوئے اشاعت دین اور تعلیم دین کی خاطر بڑھ چڑھ کر مالی و جانی قربانیاں پیش کرنا اور نسلاً بعد نسلٍ پیش کرتے چلے جانا ہمارا نہایت اہم اور بنیادی فرض ہے۔ اس فرض کی کما حقہ ادائیگی پر ہی ہمارا فوز عظیم کا وارث بننا مقدر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمت اور طاقت عطا فرمائے اور دین کی راہ میں ہمیشہ ہی بڑھ چڑھ کر مالی و جانی قربانیاں پیش کرنے اور کرتے چلے جانے کی توفیق عطا فرماتا رہے آمین

خدمت دین کا سنہری موقعہ

ڈاکٹرز، اطباء، وکلاء، اساتذہ کرام و دوسرے بااثر احباب اپنے آپ کو

وقف عارضی کیلئے پیش کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ تحریک فرمائی ہے کہ پاکستان کے ان علاقوں میں جہاں ہندوؤں کی آبادی ہے۔ اسلام کی تبلیغ کرنے کے لئے خصوصی طور پر ڈاکٹرز، ڈسپنسرز، اطباء، وکلاء، لیکچرار، اساتذہ کرام و دوسرے بااثر احباب یہ کہہ کر اپنے آپ کو وقف عارضی کے لئے پیش فرمائیں کہ انہیں ان علاقوں میں بھجوایا جائے۔ تمام ایسے احباب کرام کی خدمت میں حضور پرنور کی اس نہایت ہی بابرکت تحریک پر والہانہ لبیک کہنے کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو اور اس راہ میں بھی بڑھ چڑھ کر قربانی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن ربوہ)

جواں ہمت عہدیداران جماعت کے وعدہ جات تحریک جدید

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے اعلان سال نو تحریک جدید پر جماعت کے جواں ہمت عہدیداران نے سابقہ سال کی نسبت نمایاں اضافہ کے ساتھ وعدے بھجوانے شروع کر دیئے ہیں۔ چنانچہ جماعت ہائے احمدیہ کراچی، لاہور، راولپنڈی کی مثالیں پہلے دی جا چکی ہیں۔ آج کی ڈاک میں سیکرٹری صاحب تحریک جدید اسلام آباد نے ۸۵،۲۵۴/- روپے کے وعدے بھجواتے ہوئے یہ عزم ظاہر کیا ہے کہ وہ وعدوں کو ۱،۲۵،۰۰۰/- روپے تک پہنچا کر انشاء اللہ دم لیں گے جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

دیگر جماعتیں بھی اپنے اپنے ٹارگٹ حضور ایدہ اللہ کی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلند سے بلند تر مقرر فرمالیں اور اس کے حصول کے لئے کمر ہمت کس لیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

انصار بھائی عشرہ اصلاح وارشاد (۸ تا ۱۷ مارچ) میں انفرادی و اجتماعی دعاؤں پر زور دیں۔

(قیادت اصلاح وارشاد انصار اللہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گیسٹ ہاؤس انصار اللہ کے نئے بلاک کی تعمیر کیلئے معطی حضرات کی فہرست

قسط ۱۵

مندرجہ ذیل احباب نے گیسٹ ہاؤس انصار اللہ کے نئے بلاک کی تعمیر کے لئے مبلغ تین صد یا اس سے زائد کے عطایا ادا فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب احباب کے اموال و نفوس میں برکت بخشے۔ آمین! ان کے اسمائے گرامی گیسٹ ہاؤس کی عمارت پر نصب ہونے والی یادگار دعائیہ لوح پر اللہ تعالیٰ کندہ کرائے جائیں گے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بیرونی ممالک سے مہمانان کرام کے قیام کی سہولت کے لئے یہ جذبہ قابل قدر ہے اور احباب اس کار خیر میں شامل ہوتے رہیں۔

(قائد مال مجلس انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

نمبر شمار	اسمائے گرامی	رقم
۱۔	مکرم حفیظ الرحمان صاحب سکھر شہر	۳۰۰/- روپے
۲۔	" چوہدری مشتاق احمد صاحب ناصر آباد ضلع عمر پارکر	۳۰۰/- "
۳۔	والدین مرحومین ڈاکٹر محمد عبدالحق صاحب جنجوعہ کوئٹہ	۳۰۰/- "
۴۔	مکرم چوہدری عبدالجلیل خان صاحب راولپنڈی شہر	۳۰۰/- "
۵۔	" کرنل چوہدری بشیر احمد صاحب مرحوم منجانب اہلیہ سکینہ بیگم صاحبہ خانیوال ضلع ملتان	۳۰۰/- "
۶۔	مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب باجوہ چک ۱۰۳/۶-ج ضلع بہاولنگر	۳۰۰/- "
۷۔	" رؤف الرحمان شاکر صاحب فضل عمر ہسپتال ربوہ	۳۱۳/- "
۸۔	" حکیم زخام جان صاحب منجانب پسر حکیم عبدالحمید صاحب اعوان مشہور دواخانہ۔ گوجرانوالہ	۳۰۰/- "
۹۔	مستری دین محمد صاحب مرحوم صحابی منجانب پسران رانا سعید احمد۔ لطیف احمد۔ رشید احمد صاحبان جہلم	۳۰۰/- "
۱۰۔	مکرم چوہدری سلطان احمد صاحب جہلم شہر	۳۰۰/- "
۱۱۔	" سید صدیق احمد صاحب مرحوم ابن حافظ سید باغ علی شاہ صاحب مرحوم منجانب اہلیہ سید صدیق احمد۔ معین الدین پور ضلع گجرات	۳۰۰/- "
۱۲۔	سیٹھی عبدالحق صاحب ولد میاں محمد ابراہیم صاحب مرحوم جہلم شہر	۳۰۰/- "
۱۳۔	مکرم چوہدری نواب دین صاحب مرحوم منجانب پسر چوہدری منور احمد صاحب ۲۱۹/ر ب لویا نوالہ ضلع فیصل آباد	۳۰۰/- "
۱۴۔	اہلیہ صاحبہ چوہدری نواب دین صاحب مرحومہ منجانب پسر چوہدری منور احمد صاحب ۲۱۹/ر ب لویا نوالہ ضلع فیصل آباد	۳۰۰/- "
۱۵۔	حلیمہ بیگم صاحبہ مرحومہ منجانب پسر محمد اسلم صاحب درد۔ کوئٹہ	۳۰۰/- "
۱۶۔	مکرم چوہدری عبدالغنی صاحب و اہلیہ صاحبہ فاطمہ بیگم منجانب پسر چوہدری مظفر احمد الیس ڈی او۔ کوئٹہ	۳۰۰/- "
۱۷۔	مجلس انصار اللہ وسیم آباد ضلع حیدرآباد	۳۱۷/- "
۱۸۔	سید سہیل احمد صاحب اسلام آباد شرقی	۳۳۰/- "
۱۹۔	رانا محمد عارف خان صاحب " "	۳۲۰/- "
۲۰۔	چوہدری منور احمد صاحب " "	۳۰۰/- "
۲۱۔	" اعجاز نصر اللہ خان صاحب " "	۳۰۰/- "
۲۲۔	مغفرت چوہدری نصر اللہ خان صاحبؓ منجانب پوتا چوہدری اعجاز نصر اللہ خان صاحب اسلام آباد	۳۰۰/- "
۲۳۔	راجہ احمد خان صاحب دارالرحمت غربی ربوہ	۳۰۰/- "
۲۴۔	چوہدری عطاء اللہ صاحب ۱۳ ناصر کالونی ربوہ	۳۰۰/- "
۲۵۔	میجر عبدالحمید صاحب سابق مبلغ جاپان دارالصدر شمالی ربوہ	۳۰۰/- "
۲۶۔	مکرم مبارک احمد صاحب ہاشمی۔ اسلام آباد	۳۰۰/- "
۲۷۔	ملک سردار خان صاحب ناصر ٹریکٹرز جیکب آباد	۵۰۰/- "
۲۸۔	چوہدری غلام احمد صاحب ۲۱۴/ر ب حسین پورہ حافظ آباد شہر	۳۰۰/- "
۲۹۔	حکیم مقبول احمد صاحب ولد چوہدری عمر دین صاحب مرحوم مقبول دواخانہ گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ	۳۵۰/- "
۳۰۔	چوہدری نذیر احمد صاحب ولد چوہدری امیر احمد صاحب ملوندی جھنگلاں والے ۲۹۷/ر ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ	۳۵۰/- روپے
۳۱۔	مجلس انصار اللہ دارالعلوم وسطی ربوہ	۵۱۱/- "
۳۲۔	" " " چک ۱۸ ضلع بہاولنگر	۴۳۰/- "
۳۳۔	حمید اختر صاحب ۳۷۶ سیکٹر آئی ۹ اسلام آباد	۳۰۳/- "
۳۴۔	سلیم اختر صاحب " " "	۳۰۳/- "
۳۵۔	یوہانس منیر اختر صاحب " " "	۳۰۳/- "
۳۶۔	مریم اختر صاحبہ " " "	۳۰۳/- "
۳۷۔	متین اختر صاحبہ " " "	۳۰۳/- "
۳۸۔	امین اختر صاحب " " "	۳۰۳/- "
۳۹۔	معین اختر صاحبہ " " "	۳۰۳/- "
۴۰۔	شیخ نذیر احمد اینڈ سنز۔ کلاتھ مرچنٹ صدر بازار اوکاڑہ	۳۰۰/- "
۴۱۔	شیخ نذیر احمد صاحب احمد جنرل سٹور ریل بازار "	۳۰۰/- "
۴۲۔	محمود احمد صاحب ملتان	۳۰۰/- "
۴۳۔	معراج الحق صاحب "	۳۰۰/- "
۴۴۔	سعادت علی شاہ صاحب ملتان	۳۰۰/- "
۴۵۔	ڈاکٹر شفیق احمد صاحب سہگل زعیم انصار اللہ ملتان شہر	۳۰۰/- "
۴۶۔	محمد انور صاحب سہگل ملتان	۳۰۰/- "
۴۷۔	منور احمد صاحب "	۳۰۰/- "
۴۸۔	چوہدری شریف احمد صاحب و عصمت ناز صاحبہ معرفت مظفر دواخانہ بانیانپورہ۔ لاہور	۳۲۵/- "
۴۹۔	عبدالمجید صاحب، امام بخش صاحب اور محمد یوسف صاحب دیہہ ارازہ ضلع خیرپور میرس	۳۰۰/- "
۵۰۔	خلیل احمد صاحب مرحوم منجانب والد محمد اسماعیل صاحب بچیکی ضلع شیخوپورہ	۳۱۳/- "
۵۱۔	محمد اعظم صاحب ولد محمد شفیع صاحب 87-ج لالہ رخ واہ کینٹ	۳۰۰/- "
۵۲۔	محمد صادق صاحب نیاز۔ لالہ رخ واہ کینٹ	۳۰۰/- "

برائے توجہ لجنات

لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کی طرف سے دوسری سہ ماہی کا تعلیمی کورس تیار ہو گیا ہے۔ تمام لجنات اپنے گھروں کی تعداد کے مطابق نصاب دفتر لجنہ میں لکھ کر منگوالیں۔ اور اگلے امتحان کی تیاری شروع کروائیں اور ہر ممبر کو یہ کورس ذہن نشین کروانے کی کوشش کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ جو فجی میں ارشاد فرمایا تھا۔ اس کو لجنہ نے کتابچہ کی صورت میں شائع کروایا ہے۔ وہ بھی لجنات اپنے گھروں کی تعداد کے مطابق منگوالیں۔

نیز جس لجنہ نے ابھی تک سالانہ رپورٹ حاصل نہ کی ہو وہ بھی فوری طور پر دفتر لجنہ سے لکھ کر منگوالیں۔

(آنرری سیکرٹری لجنہ مرکزیہ)

بیوت الحمد تحریک میں دل کھول کر حصہ لیں! (سیکرٹری بیوت الحمد سوسائٹی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایک نہایت ہی اہم اور بابرکت تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھو الناصر

مخلصین جماعت کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر بڑھتی ہوئی تعداد اور جلسہ سالانہ صد سالہ جوبلی پر متوقع حاضری کے مدنظر انتظام جلسہ سالانہ کے لئے مزید ۵ دیگوں کی ضرورت ہے۔ ایک دیگ پر تقریباً ۲,۰۰۰/- روپے خرچ ہوگا ——— جو مخلص احباب اس کار خیر میں حصہ لے کر اللہ تعالیٰ کے اور زیادہ فضلوں اور برکات کو حاصل کرنا چاہیں۔ وہ افسر صاحب جلسہ سالانہ کو اپنے وعدے سے مطلع کریں۔ اور انہیں ۲,۰۰۰/- روپے فی دیگ کے حساب سے رقم بھجوا کر عند اللہ ماجور ہوں ——— اللہ تعالیٰ آپ سب کے نفوس اور اموال میں برکت دے! (آمین)

دستخط (مرزا طاہر احمد)

خلیفۃ المسیح الرابع

۴-۲-۱۹۸۴ء

نوٹ: حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے افسر جلسہ سالانہ کے نام تحریر فرمایا ہے:-

"میرا ذاتی وعدہ پانچ دیگوں کا لکھ لیں جو دو سالانہ قسطوں میں ادا کروں گا۔"

پردہ کی غرض

"اسلام نے جو یہ حکم دیا ہے کہ مرد عورت سے اور عورت مرد سے پردہ کرے اس سے غرض یہ ہے کہ نفس انسانی پھسلنے اور ٹھوکر کھانے کی حد سے بچا رہے کیونکہ ابتداء میں اس کی یہی حالت ہوتی ہے کہ وہ بدیوں کی طرف جھکا پڑتا ہے اور ذرا سی بھی تحریک ہو تو بدی پر ایسے گرتا ہے جیسے کئی دنوں کا بھوکا آدمی کسی لذیذ کھانے پر۔"

(ملفوظات جلد ۷ صفحہ ۱۳۶)

تحریک جدید کیا ہے

سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے مبارک الفاظ میں:-

"تحریک جدید نام ہے اس جدوجہد کا جو اسلام اور احمدیت کے احیاء کے لئے ہر احمدی پر واجب ہے۔"

جو جدوجہد آپ پر واجب ہے کیا آپ اس میں حصہ لے رہے ہیں؟

(وکیل المال اول)

تقریب شادی

عزیزم مبارک احمد ڈار صاحب کے تیسرے بیٹے عزیزم فہیم احمد ڈار کا نکاح ہمراہ عزیزہ شہزادہ بانو بنت خواجہ غلام محمد صاحب لون آف کاٹہ پورہ کشمیر مورخہ ۲ مارچ مکرم مولوی دین محمد صاحب شاہد ایم اے نے مبلغ پندرہ ہزار روپے حق مہر پر پڑھا۔

۸ مارچ تقریب رخصتانہ اسلام آباد میں عزیزم منیر احمد صاحب ڈار کے ہاں عمل میں آئی۔ اگلے روز ۹ مارچ کو میجر مبارک احمد صاحب ڈار نے ولیمہ کا اہتمام کیا جس میں جماعت اور راولپنڈی کے معززین نے شرکت کی۔

احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر دو خاندانوں کے لئے خیر و برکت کا موجب بنائے۔ آمین۔

(خواجہ عبدالغفار راولپنڈی)

قائدین مجالس و ناظمین اطفال

اس سال کی پہلی سہ ماہی ختم ہو چکی ہے مگر ابھی تک کئی مجالس سے تجنید نہیں آئی۔ براہ کرم جن مجالس نے ابھی تک تجنید نہیں بھجوائی وہ جلد از جلد فہرست تجنید بنا کر بھیجیں۔ (مہتمم اطفال)

آل ربوہ مقابلہ نظم خوانی

محلہ دارالصدر شرقی کے زیر انتظام آل ربوہ نظم خوانی کا مقابلہ مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۸۴ء کو محلہ دارالصدر شرقی میں منعقد ہوگا اس مقابلہ میں شامل ہونے والے خدام ۱۵ مارچ تک اپنے نام زعیم حلقہ کے ذریعہ سے زعیم حلقہ دارالصدر شرقی کو ارسال فرما دیں۔

(زعیم حلقہ دارالصدر شرقی ربوہ)

انشاء اللہ تعالیٰ

حضرت حکیم نظام جان کے فرزند و جانشین

حکیم عبدالحمید صاحب اعوان

مشہور دواخانہ بالمقابل ایوان محمود ربوہ

میں ۲۹-۳۰ مارچ ۱۹۸۴ء کو مطب میں حاضر ہوں گے۔

جمعرات ۳ بجے دوپہر تا ۶ بجے شام
جمعہ صبح ۸ تا ۱۲ بجے دوپہر

منیجر مشہور دواخانہ ربوہ

پیڈ پرنٹرس

کاغذ، گتہ اور ہر قسم کا چھپوا دیتا ہے

پروپرائٹر: نعیم احمد کھوکھر

نعیم جنرل سٹور

مین بازار ○ شیخوپورہ